ریاست ڈیلاویئر امریکہ کے وسطی اوقیانوس والے علاقے میں بحراوقیانوس کے ساحل پر واقع ہے۔ ریاست کا نام تھامس ویسٹ تھرڈ بیرن ڈی لاویئر کے نام پر رکھا گیا ہے، جو برطانوی نواب اور ورجینیا کے پہلے نوآبادیاتی گورنر تھے۔ موجودہ کیپ ہین لوپین کا نام بھی پہلے ان ہی کے نام پر رکھا گیا تھا۔ ریاست ڈیلاویئر تین کاؤنٹیوں پر مشتمل ہے: نیوکاسل، کینٹ اور سسیکس۔ یہ دوسری سب سے چھوٹی ریاست ہے۔ آبادی کے لحاظ سے یہ 45 ویں نمبر پر آتی ہے، لیکن گنجان آبادی کے لحاظ سے اس کا نمبر چھٹا ہے۔ ڈیلاویئر ریاست اب ایک زرعی اور صنعتی ریاست بن چکی ہے۔ پہلے یہ ریاست ملک کی آٹے کی صنعت کے مرکز کی حیثیت رکھتی تھی اور اب یہ امریکہ میں کیمیکلز تیار کرنے والی ریاستوں میں سرفہرست ہے۔ اس ریاست کے تجارتی قوانین کی وجہ سے سب سے زیادہ کارپوریشنوں کے صدر دفاتر اسی ریاست میں قائم ہیں۔

"پہلی ریاست" میں سینکڑوں دلچسپ اور پُرکشش مقامات ہیں۔ ڈیلاویئر چھوٹی لیکن متنوع ریاست ہے۔ اس کے شمال میں بل کھاتی سرسبز پہاڑیاں، جنوب میں بنجر ریتلے ٹیلے اور ساحل کے ساتھ ساتھ میلوں لمبے دلدلی علاقے ہیں۔ اگرچہ ڈیلاویئر میں کوئی مخصوص قومی پارک، قومی ساحل، قومی میدان جنگ یا قومی یادگار نہیں، تاہم یہاں متعدد میوزیم، جنگلی حیات کے محفوظ علاقے، پارک، لائٹ ہاؤسز اور دوسرے تاریخی مقامات موجود ہیں۔ ڈیلاویئر کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ یہاں دنیا کا طویل ترین معلق پُل موجود ہے، جسے ڈیلاویئر میموریل برِج کہا جاتا ہے۔

پُرکشش مقامات

ری ہوبوتھ بیچ، ڈیلاویئر: اسے ملک کا گرمائی دارالحکومت بھی کہا جاتا ہے۔ واشنگٹن میں تعینات سفارت کاروں اور قانون سازوں کا پسندیدہ مقام ہونے کی وجہ اس کا یہ نام پڑا ہے۔ واشنگٹن ڈی سی سے ڈھائی گھنٹے کی مسافت پر واقع ہے۔ ڈیلاویئر کا یہ سب سے بڑا گرمائی تفریحی مقام پہلے پہلے صنوبر کی پیاری خوشبو والے گھنے درختوں کے درمیان کیمپ میٹنگوں کے لئے استعمال ہوتا تھا۔ 1920 کے عشرے میں یہاں جائداد کا کاروبار بڑھا اور ری ہوبوتھ بیچ ایک تفریحی قصبے میں تبدیل ہوگیا، جہاں طرح طرح کے ہوٹل، ریستوران اور تجارتی علاقے کھل گئے۔ گہرے سمندر میں اور تازہ پانی میں ماہی گیری، کشتی رانی اور تیراکی اور ری ہوبوتھ ایونیو پر، جس کے دونوں طرف چیری کے درخت ہیں، سائیکل سواری اور پیدل سیر، دلچسپ سرگرمیاں ہیں، جو واشنگٹن کی گرمی سے بھاگ کر آنے والوں کے لئے بہت کشش رکھتی ہیں۔

DELAWARE

Rehoboth Beach, Delaware

A 2 1/2-hour drive from Washington, DC, the largest summer resort in Delaware began as a spot for camp meetings amid sweet-smelling pine groves. In the 1920s, real estate boomed, triggering Rehoboth Beach's rebirth as a resort town with a variety of accommodations, shopping areas, and eateries. Deep sea and freshwater fishing, sailing, swimming, and biking and strolling along cherry tree-lined Rehoboth Avenue have kept it a favorite retreat from Washington's summer heat.

Lewes, Delaware: Lewes has been home base to Delaware Bay pirates for 300 years. Weather-beaten, cypress-shingled houses still line the streets where pirates plundered and Captain Kidd bargained away his loot. The treacherous sandbars outside the harbor have claimed their share of ships, and stories of sunken treasures have circulated for centuries. Some buildings show scars from cannonballs that hit their mark when the British bombarded Lewes in the War of 1812. Traces of the original stockade were discovered in 1964.

Delaware Memorial Bridge

Delaware is home to several festivals, fairs, and events. Some of the more notable festivals are the Riverfest held in Seaford, the World Championship Punkin Chunkin held at various locations throughout the county since 1986, the Rehoboth Beach Chocolate Festival, the Bethany Beach Jazz Funeral to mark the end of summer, the Apple Scrapple Festival held in Bridgeville, the Rehoboth Beach Jazz Festival, the Sea Witch Halloween Festival and Parade in Rehoboth Beach, the Rehoboth Beach Independent Film Festival the Nanticoke Indian Pow Wow in Oak Orchard, and the Return Day Parade held after every election in Georgetown.

When deciding where to vacation during your time in the United States, consider a trip to the "First State". Delaware holds a wealth of historical, cultural and natural wonders waiting to be explored.

لیولیس، ڈیلاویئر: لیولیس300 سال تک خلیج ڈیلاویئر کے بحری قزاقوں کا ٹھکانہ رہا ہے۔ یہاں پر صنوبر کے درختوں میں گھرے قدیم مکانات اب بھی دیکھے جا سکتے ہیں، جہاں بحری قزاق جہازوں کو لوٹا کرتے تھے اور جہاں کیپٹن کِڈ لوٹا ہوا مال بیچا کرتا تھا۔ساحل کے قریب سمندر میں ریت کے تودے بھی کئی جہازوں کی غرقابی کا سبب بنے ہیں، اور یہاں ڈوبنے والے جہازوں کی داستانیں صدیوں سے بیان کی جاتی رہی ہیں۔بعض عمارتوں پر توپوں کے گولوں کے نشان اب بھی موجود ہیں، جو1812 کی جنگ میں لیولیس پر برطانوی فوجوں کی گولہ باری کی یاد دلاتے

ہیں۔ اس جنگ کے دوران جو دفاعی حصار بنایا گیا تھا، اس کے نشانات1964 میں دریافت ہوئے تھے۔

ڈیلاویئر بہت سے جشن اور تہواروں کے لئے بھی مشہور ہے، جن میں ریورفیسٹ خاص طور پر قابل ذکر ہے، جوسی فورڈ میں منعقد ہوتا ہے۔اس کے علاوہ ورلڈ چیمپین شپ پنکن چنکن بھی مشہور ہے، جو1986 سے مختلف مقامات پر منعقد ہورہی ہے۔اور بھی کئی تقریبات ہیں، مثلاً ری ہو بوتھ بیچ چاکلیٹ فیسٹیول، موسم گرما کے اختتام پر بیتھینی بیچ جاز فیونرل، برج ویل میں ایپل سکریپل فیسٹیول، ری ہو بوتھ بیچ جاز فیسٹیول، سی وِچ ہیلووین فیسٹیول، ری ہو بوتھ بیچ پریڈ، ری ہو بوتھ بیچ انڈیپنڈینٹ فلم فیسٹیول، اوک آرچرڈ میں ننٹی کوک انڈین پاؤواؤ اور ریٹرن ڈے پریڈ، جو ہر الیکشن کے بعد جارج ٹاؤن میں ہوتی ہے۔

اگر آپ امریکہ میں چھٹیاں گزارنے کا پروگرام بنا رہے ہیں تو ''پہلی ریاست'' یعنی ڈیلاویئر کو ضرور یاد رکھئے گا۔آپ بے شمار تاریخی، ثقافتی اور قدرتی مقامات کو اپنا منتظر پائیں گے۔

one Success at a time

Helping the People of Pakistan one community at a time

پارس، ضلع مانسہرہ میں بچیاں اپنی تختیاں دکھا رہی ہیں، جن پر وہ لکھتی ہیں۔ اسکولوں کی عمارتیں گرنے کی وجہ سے بچیاں، خیموں میں یا کھلی جگہ پر بیٹھ کر پڑھتی ہیں۔
ان کے لئے نئے اسکول کی تعمیر 2008 میں شروع ہوئی ہے، جو 2009 میں مکمل ہو جائے گی۔

Remote Pakistani Villages Hit by Quake Continue to Rebuild and Fight Food Crisis

The Mansehra District on the eastern edge of Pakistan's remote North West Frontier Province (NWFP) possesses remarkable natural beauty: rolling mountains, meandering rivers and shimmering lakes. Three years ago, that serenity was shattered when a 7.6 magnitude earthquake shook northern Pakistan, killing over 73,000 and leaving 2.8 million homeless.

The U.S. response was immediate and massive. Within 48 hours of the earthquake, the first CH-47 Chinook helicopters arrived from Afghanistan to ferry relief supplies to people trapped in near inaccessible pockets of the province. U.S. government assistance focused on immediate humanitarian needs, providing emergency shelter, relief supplies, and medical help.

کامیابی کی داستان

ایک معاشرے کی صورت میں پاکستانی عوام کی ایک ہی وقت میں مدد کرنا

پاکستان کے صوبہ سرحد کا مشرقی ضلع مانسہرہ قدرتی حسن سے مالا مال ہے، جہاں بلند و بالا پہاڑ، بل کھاتی ندیاں اور نیلگوں جھیلیں پائی جاتی ہیں۔ تین سال پہلے یہ حسن اس وقت گہنا گیا جب یہ علاقہ 7.6 درجے کے شدید زلزلے کی زد میں آ گیا۔ اس زلزلے سے مجموعی طور پر 73,000 لوگ جاں بحق اور 28 لاکھ سے زیادہ بے گھر ہوئے۔

یوایس ایڈ کے امدادی پروگرام کے تحت بچیاں خوردنی تیل وصول کررہی ہیں۔ فوٹو کریڈٹ: جون او روورک، یوایس ایڈ

فوٹو کریڈٹ: جون او روورک، یوایس ایڈ

والد اور بیٹے گندم اور تیل کا راشن گھر لے جارہے ہیں۔

Since the earthquake USAID's $200 million Earthquake Reconstruction Program has been helping to rebuild destroyed and damaged structures, create jobs, improve the regions' persistently poor health care systems, and increase school enrollment for girls. To improve education, the program has rebuilt four schools in Mansehra District and an additional 10 are currently being constructed. USAID is also training district education officials, teachers, and parents to improve the quality of classroom instruction.

Today, the Mansehra District faces another daunting challenge: high food prices. It is one of 12 districts in NWFP and Baluchistan Province classified as food insecure by the World Food Program (WFP). In early September, USAID signed an agreement to provide WFP with $84 million to purchase and deliver food aid to 2,922 elementary schools in severely food-insecure districts. Under this program, each family sending its children to a school receives a 50 kilogram bag of wheat, and each student gets a tin of vegetable oil. These "take home" rations serve as an incentive to the families to keep their children in school during these economically difficult times.

The effort is boosting school enrollment in Mansehra, and the other targeted districts. WFP reports that throughout Pakistan enrollment in participating schools has doubled overall and tripled for girls.

زلزلے کے فوراً بعد امریکہ نے بڑے پیمانے پر امدادی کارروائی شروع کی۔ زلزلے کے 48 گھنٹے کے اندر پہلا شینوک ہیلی کاپٹر افغانستان سے پاکستان پہنچ چکا تھا اور اس نے صوبہ سرحد کے دشوار گزار علاقوں میں پھنسے ہوئے لوگوں تک امدادی سامان پہنچانا شروع کردیا تھا۔ امدادی کارروائی کے تحت خاص طور پر فوری نوعیت کی انسانی ضروریات پوری کرنے، لوگوں کو سر چھپانے کی جگہ مہیا کرنے اور ان کے علاج معالجے پر توجہ دی گئی۔

یوایس ایڈ نے زلزلہ زدہ علاقوں کے لئے 200 ملین ڈالر کا بحالی پروگرام شروع کر رکھا ہے۔ اس کے ذریعے تباہ شدہ عمارتوں کی تعمیر و مرمت، حصول روزگار، علاج معالجے کی سہولتوں کی بہتری اور اسکول جانے والی بچیوں کی تعداد بڑھانے میں مدد دی جارہی ہے۔ ضلع مانسہرہ میں چار اسکول دوبارہ تعمیر کئے جاچکے ہیں اور دس پر کام جاری ہے۔ یوایس ایڈ ضلعی تعلیمی حکام، اساتذہ اور والدین کو تربیت دے رہا ہے تاکہ کلاس روم میں معیار تعلیم بہتر بنایا جاسکے۔

ضلع مانسہرہ کو ایک اور زبردست چیلنج بھی درپیش ہے اور وہ ہے خوراک کی بڑھتی ہوئی قیمتیں۔ ضلع مانسہرہ، صوبہ سرحد اور بلوچستان کے ان بارہ اضلاع میں شامل ہے، جنھیں خوراک کے عالمی پروگرام نے خوراک کی کمی والے علاقے قرار دے رکھا ہے۔ ستمبر کے اوائل میں یوایس ایڈ نے ایک سمجھوتے پر دستخط کئے، جس کے تحت خوراک کے عالمی پروگرام کو 8.4 ملین ڈالر فراہم کئے گئے ہیں۔ اس رقم کے ذریعے خوراک کی کمی کے شکار اضلاع میں 2,922 پرائمری اسکولوں کے لئے خوراک خرید کر پہنچائی جارہی ہے۔ اس پروگرام کے تحت ہر ایسے خاندان کو، جو اپنے بچوں کو اسکول بھیجتا ہے، 50 کلوگرام گندم کا تھیلا ملتا ہے اور ہر طالبعلم کو ایک ڈبہ خوردنی تیل کا دیا جاتا ہے۔ اس طرح لوگوں کو ترغیب ملتی ہے کہ وہ موجودہ مشکل اقتصادی حالات کے باوجود اپنے بچوں کو اسکول بھیجتے رہیں۔

کوشش یہ ہے کہ مانسہرہ اور دوسرے چیدہ چیدہ اضلاع میں اسکولوں میں طلبا کی تعداد بڑھائی جائے۔ خوراک کے عالمی پروگرام کی رپورٹ کے مطابق پاکستان بھر میں ان مخصوص اضلاع میں اسکولوں میں داخل ہونے والے بچوں کی مجموعی تعداد میں دوگنا اور بچیوں کی تعداد میں تین گن اضافہ ہوا ہے۔

one
Success
at a time

January 26, 2009

Peshawar - Anne W. Patterson, U.S. Ambassador to Pakistan, handed over 32,400 packets of high nutrient biscuits to the Commission of Afghan Refugees to be distributed to families at the Kacha Ghari Internally Displaced Persons (IDP) camp. The donation, made in collaboration with VITA, Pakistan Limited, a Lahore-based company, is intended to nutritionally supplement and benefit children aged three to seven. Ambassador Patterson noted that early on in the crisis, the U.S. Government contributed over $10 million for immediate relief efforts, including support for international relief programs. In addition, the U.S. Government has set aside approximately $10 million for redevelopment in Bajaur to assist IDPs as they return to their homes.

United States Provides Nutritional Biscuits To Children at Kacha Ghari IDP Camp

The U.S. Government will continue to provide other assistance to affected populations and is implementing emergency shelter, health, nutrition, livelihoods, protection, water, sanitation and hygiene programs as well as continuing to provide humanitarian coordination and distribution of emergency supplies.

The ceremony was also attended by Lynne Tracy, Principal Officer, U.S. Consulate; Edward Birgells, Director, FATA Development Program, USAID Pakistan; and Andrea Tracy, Emergency Disaster Response Coordinator for USAID Office of Foreign Disaster Assistance/Pakistan.

امریکہ کی جانب سے کچہ گڑھی میں پناہ گزین کیمپ میں بچوں کیلئے غذائیت بخش بسکٹس کی فراھمی

26 جنوری 2009ء

پشاور۔۔ پاکستان میں متعین امریکی سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے کچہ گڑھی میں اندرونِ ملک بے گھر ہونے والے افراد کے کیمپ میں مقیم خاندانوں میں تقسیم کرنے کے لئے غذائیت سے بھرپور بسکٹس کے 32,400 پیکٹس کمیشن آف افغان ریفیوجیز کے حوالے کئے۔ یہ عطیہ لاہور میں قائم ایک کمپنی ویٹا پاکستان لمیٹڈ کے تعاون سے تین سے سات سال کی عمر تک کے بچوں کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کی غرض سے دیا گیا ہے۔ سفیر این ڈبلیو پیٹرسن نے اِس موقع پر کہا کہ اس بحران کی ابتداء میں حکومتِ امریکہ نے فوری امدادی کوششوں کے سلسلہ میں دس ملین ڈالر کی امداد مہیا کی، جس میں بین الاقوامی امدادی پروگرام کے لئے اعانت بھی شامل تھی۔ علاوہ ازیں، حکومت امریکہ نے باجوڑ میں ازسرنو ترقی کے لئے تقریباً دس ملین ڈالر کی رقم مختص کی ہے، تا کہ جب بے گھر افراد اپنے گھروں کو واپس جائیں تو اُن کی مدد کی جا سکے۔

حکومتِ امریکہ متاثرہ آبادیوں کو دیگر امداد کی فراہمی جاری رکھے گی اور ہنگامی طور پر سر چھپانے کے ٹھکانے، صحت، خوراک، روزگار، تحفظ، فراہمی آب و آب رسانی اور صفائی ستھرائی کے منصوبوں کے ساتھ ساتھ ہنگامی رسد کو مربوط بنانے اور تقسیم کرنے میں بھی تعاون کر رہی ہے۔

تقریب میں پشاور میں امریکی قونصل خانہ کی پرنسپل آفیسر لین ٹریسی، یوایس ایڈ پاکستان کے فاٹا ترقیاتی پروگرام کے ڈائریکٹر ایڈورڈ برجیلز اور یوایس ایڈ کے دفتر برائے غیر ملکی قدرتی آفات امداد پاکستان کی ایمرجنسی ڈیزاسٹر ریسپانس کوآرڈینیٹر اینڈریا ٹریسی نے بھی شرکت کی۔

کامیابی کی داستان

Book of the Month منتخب کتاب

Book Title: Dreams from My Father
Author: Barack Obama
Publishing: Three Rivers Press (August 10, 2004),
Pages 480, ISBN 978-1400082773



Description: Obama argues with himself on almost every page of this lively autobiographical conversation. He gets you to agree with him, and then he brings in a counter narrative that seems just as convincing. Son of a white American mother and of a black Kenyan father whom he never knew, Obama grew up mainly in Hawaii. After college, he worked for three years as a community organizer on Chicago's South Side. Then, finally, he went to Kenya, to find the world of his dead father, his "authentic" self. Will the truth set you free, Obama asks? Or will it disappoint? Both, it seems. His search for himself as a black American is rooted in the particulars of his daily life; it also reads like a wry commentary about all of us. He dismisses stereotypes of the "tragic mulatto" and then shows how much we are all caught between messy contradictions and disparate communities. He discovers that Kenya has 400 different tribes, each of them with stereotypes of the others. Obama is candid about racism and poverty and corruption, in Chicago and in Kenya. Yet he does find community and authenticity, not in any romantic cliché, but with "honest, decent men and women who have attainable ambitions and the determination to see them through."

Location: LINCOLN CORNER ISLAMABAD

Inaugurated on June 5, 2006 Lincoln Corner Islamabad is located in the central library of the International Islamic University Islamabad. It promotes friendship between the United States and Pakistan through multimedia resources, English language materials, information about studying in the U.S., cultural activities, and lectures on topics of interest to the people of Islamabad. Books, magazines, access to computers, internet, web-cam and DVDs offer a "window on America" and its people, history, society, geography, government, and popular culture. This Corner is a place to read about America and to exchange views and opinions with Americans living in or visiting Pakistan.

Central Library, International Islamic University
H-10, Islamabad
Phone: 051-9257996
Fax: 051-9258054
Website: http://iiu.edu.pk/lc/
E-mail: lcislamabad@gmail.com

کتاب کا عنوان: میرے والد کے خواب

مصنف: براک اوبامہ

ناشر: تھری ریور پریس (10 اگست، 2004) 480 صفحات،

ISBN 987- 1400082773

تبصرہ:

اوبامہ اپنی اس سوانح حیات کے تقریباً ہر صفحے پر خود کلامی کے انداز میں دلائل دیتے نظر آتے ہیں۔ وہ آپ کو قائل کرنے کیلئے اپنے دلائل کے جواب بھی خود ہی دیتے ہیں۔ اوبامہ کی والدہ ایک سفید فام امریکی خاتون ہیں جبکہ والد کینیا کے سیاہ فام باشندے تھے جنھیں انہوں نے کبھی نہیں دیکھا۔ انہوں نے اپنی ابتدائی عمر کا زیادہ حصہ ہوائی میں گزارہ ہے۔ کالج کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد انہوں نے شکاگو کے جنوبی علاقے میں تین سال تک معاشرتی منتظم کے حیثیت سے کام کیا اور آخر کار وہ اپنی اصلیت جاننے اور اپنے مرحوم والد کی دنیا دیکھنے کینیا چلے گئے۔ اوبامہ خود سے سوال کرتے ہیں کہ کیا اصلیت جاننے کے بعد میرے خدشات دور ہو جائیں گے یا مایوسی ہوگی؟ لگتا ہے کہ دونوں باتیں ہوں گی۔ ایک سیاہ فام امریکی کی حیثیت سے اپنی ذات کا کھوج لگانا، انکی دوزمرہ زندگی کا بنیادی مصرف ہے۔ یہ کتاب ہم سب کے بارے میں ایک تلخ مگر دلچسپ تبصرہ بھی ہے۔ اوبامہ مختلف نسلی پس منظر کے حامل والدین کے بارے میں لوگوں کے یکساں خیالات کو مسترد کرتے ہیں اور یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ہم سب انتہائی گھناؤنے تضادات کا شکار ہیں اور معاشرتی لحاظ سے بٹے ہوئے ہیں۔ انہیں معلوم ہوتا ہے کہ کینیا کے آبادی 400 قبائل پر مشتمل ہے اور ان میں سے ہر ایک کی دوسروں سے مماثلت ہے۔ اوبامہ شکاگو اور کینیا میں نسل پرستی، غربت اور بدعنوانی کے بارے میں کھل کر اظہار خیال کرتے ہیں۔ انہیں ابھی معاشرے اور اصلیت کی تلاش ہے، وہ کسی رومانوی انداز میں نہیں بلکہ دیانت داری سے ایسے شائستہ مردوں اور عورتوں کی کھوج میں ہیں جن کے مقاصد قابل حصول ہوں۔ اوبامہ ایسے لوگوں کی اصلیت جاننے کا عزم رکھتے ہیں۔

محل وقوع لنکن کارنر اسلام آباد

لنکن کارنر اسلام آباد کا افتتاح 5 جون، 2006 کو ہوا جو بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کی سینٹرل لائبریری میں واقع ہے۔ یہ کارنر، ابلاغ کے مختلف وسائل، انگریزی زبان کے مواد، امریکہ میں حصول علم کے بارے میں معلومات، ثقافتی سرگرمیوں اور اسلام آباد کے لوگوں کی دلچسپی کے موضوعات پر مبنی لیکچرز کے ذریعے امریکہ اور پاکستان کے درمیان دوستی کے فروغ کیلئے قائم کیا گیا ہے۔ کتابیں، رسائل، کمپیوٹرز، انٹرنیٹ، ویب کیم اور ڈی وی ڈیز تک رسائی، امریکہ اور اس کے عوام، اس کی تاریخ، معاشرے، جغرافیہ، حکومت اور لوگوں کی ثقافت کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہیں۔ یہ کارنر امریکہ کے بارے میں مطالعہ کرنے اور پاکستان میں مقیم یا پاکستان کا دورہ کرنے والے امریکیوں سے تبادلہ خیال کرنے کی جگہ ہے۔

سینٹرل لائبریری، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی سیکٹر H-10، اسلام آباد

فون: 051-9257996 فیکس: 051-9258054

ویب سائٹ: http://iiu.edu.pk/lc/

Library Challenge Project

لائبریری چیلنج پراجیکٹ

Earthquake!

On October 8, 2005 an earthquake with a magnitude of 7.6 jolted the northern part of Pakistan destroying houses, schools, hospitals, roads and bridges. Over 74,000 people were killed and hundreds of thousands were injured.

Many countries rushed assistance to the quake zone and since then, aid agencies have been working with the Government of Pakistan to 'build back better'. The government is using this disaster as an opportunity to improve design and construction and be better prepared for the future in a number of ways.

One of the projects to help is by the United States Agency for International Development (USAID). It is the Pakistan Earthquake Reconstruction and Recovery Program (PERRP), which is carried out by CDM, an American engineering and construction firm. CDM hires and supervises local contractors to design and build schools and Basic Health Units (BHUs) in Azad Jammu Kashmir (AJK) and schools in the North West Frontier Province (NWFP). The project so far plans to build 15 BHUs, 1 hospital and 53 schools and at the beginning of 2009 a total of 35 sites are under construction with the others in preparation stages. All these buildings are earthquake resistant.

New Schools with Libraries

Schools being built by the project are from nursery, to primary, middle, high and inter-college levels with each school having several classrooms and a library. Before the quake most schools had no library books or the books also were destroyed in the quake.

The Library Challenge

As part of this project emphasis on community participation communities have



تباہ ہونے والے اسکول کوٹیری نجم خان اسکول میں
طلبا کھلے آسمان تلے بیٹھے پڑھ رہے ہیں۔

Books for Pakistan Earthquake Schools

پاکستان کے زلزلہ زدہ اسکولوں کے لئے

کتابوں کا حصول

زلزلہ!

8 اکتوبر2005 کو پاکستان کے شمالی حصوں میں 7.6 درجے کا زلزلہ آیا، جس سے مکان، اسکول، ہسپتال، سڑکیں اور پُل تباہ ہو گئے اور 74,000 سے زیادہ لوگ ہلاک اور لاکھوں زخمی ہو گئے۔

بہت سے ملکوں نے فوراً زلزلہ زدہ علاقوں میں امداد پہنچائی اور تب سے اب تک امدادی ادارے، حکومت پاکستان کے ساتھ مل کر تعمیر نو اور بحالی کے کام میں مصروف ہیں اور ان کی کوشش ہے کہ تباہ شدہ ڈھانچہ پہلے سے بہتر حالت میں تعمیر کیا جائے۔ حکومت پاکستان کی بھی یہی کوشش ہے کہ اس آفت کو رحمت میں تبدیل کر دیا جائے۔ اس مقصد کے لئے تعمیرات کا ڈیزائن اور ڈھانچہ زیادہ بہتر طور پر تیار کرنے کے لئے کام کیا جا رہا ہے، تاکہ آئندہ کی ناگہانی صورت حال کا بہتر طور پر مقابلہ کیا جا سکے۔

ایک امدادی منصوبہ، امریکہ کے بین الاقوامی ترقی کے ادارے یوایس ایڈ نے بھی شروع کر رکھا ہے، جس کا نام ہے: پاکستان کے زلزلہ زدہ علاقوں کی تعمیر نو اور بحالی کا پروگرام (PERRP)۔ اس پر سی ڈی ایم کے ذریعے عمل ہو رہا ہے، جو امریکہ کی ایک انجینئرنگ اور تعمیراتی کمپنی ہے۔ یہ کمپنی مقامی ٹھیکیداروں کے ذریعے کام کرا رہی ہے اور ان کے کام کی نگرانی بھی کرتی ہے۔ پروگرام کے تحت آزاد جموں و کشمیر میں بنیادی صحت کے یونٹوں کی تعمیر و مرمت اور صوبہ سرحد میں اسکولوں کی تعمیر جاری ہے۔ اب تک بنیادی صحت کے 15 یونٹ، ایک ہسپتال اور 53 اسکول تعمیر کرنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے اور ان میں سے 35 عمارتوں پر کام جاری ہے۔ باقی عمارتیں تیاری کے مختلف مراحل میں ہیں۔ یہ تمام عمارتیں زلزلہ پروف ہوں گی۔

جبوری کا تباہ شدہ اسکول، جس کا ملبہ صاف کیا جا چکا ہے۔

been led to start a School Management Committees (SMCs) which helps the project and school. Recently the project has given the SMC the 'Library Challenge': if the SMCs find at least one book per student, the project will also find at least one book per student. The SMCs have enthusiastically accepted this unusual challenge and will find books. The project will also get books donated and raise money to buy books.

Photos: Left: destroyed Jabbori school with rubble cleared. Right: studying in open air at collapsed Koteri Najum Khan school.

Who are the Students?

The schools being built in this project are government schools attended by children from some of the poorest families. The number of boys and girls in these schools is roughly equal. The total number is about 14,000.

Numbers of Books Needed

To match the SMC challenge agreed (see over), the project will need to find at least 14,000 suitable books!

Suitable Books:

* Useful for students from nursery, to primary, middle, high school or inter-college level
* Urdu preferred but English very welcome. (Students start studying English in 5th class).
* New or used (but if used, please only books in excellent condition
* Books with lots of photos, drawings, pictures
* General knowledge subjects are most suitable (see below for ideas)
* Urdu fiction for young readers also most welcome

Thank you but NO:

* English novels
* Computer books
* Academic, advanced or very specialized topics

نئے اسکول مع لائبریریاں

اس منصوبے کے تحت جو تعلیمی ادارے تعمیر کئے جا رہے ہیں، ان میں نرسری، پرائمری، مڈل اور ہائی اسکول اور انٹر کالج شامل ہیں۔ ہر اسکول میں متعدد کلاس روم اور ایک لائبریری ہوگی۔ زلزلے سے پہلے زیادہ تر اسکولوں میں کوئی لائبریری نہیں تھی، اور جہاں لائبریری اور کتابیں تھیں، وہ بھی تباہ ہوگئی تھیں۔

لائبریری چیلنج

اس منصوبے میں اس بات پر خاص توجہ دی گئی ہے کہ مقامی لوگوں کو بھی تعمیر و بحالی کے کام میں شریک کیا جائے۔ اس مقصد کیلئے اسکول مینیجمنٹ کمیٹیاں قائم کی گئی ہیں، جو تعمیر و بحالی میں ہاتھ بٹاتی ہیں۔ حال ہی میں ان کمیٹیوں کو ایک چیلنج دیا گیا ہے، جس کا نام ہے: لائبریری چیلنج۔ اس کے تحت کمیٹی اگر ایک طالب علم کے لئے کم از کم ایک کتاب کا انتظام کرے گی تو منصوبے کی انتظامیہ بھی فی طالب علم کم از کم ایک کتاب کا انتظام کرے گی۔ ان کمیٹیوں نے اس غیر معمولی چیلنج کو بڑے شوق سے قبول کیا ہے اور وہ کتابوں کا انتظام کریں گی۔ منصوبے کی انتظامیہ بھی کتابوں کے عطیے وصول کرے گی اور کتابیں خریدنے کے لئے رقم جمع کرے گی۔

طلبا کون ہیں؟

اس منصوبے کے تحت جو اسکول تعمیر کئے جا رہے ہیں، وہ سرکاری اسکول ہیں، جہاں اکثر بہت غریب خاندانوں کے بچے پڑھتے ہیں۔ ان اسکولوں میں لڑکوں اور لڑکیوں کی تعداد تقریباً برابر ہے، جن کی مجموعی تعداد تقریباً 14,000 ہے۔

درکار کتابوں کی تعداد

اسکول مینیجمنٹ کمیٹیوں سے طے پانے والے چیلنج کے تحت منصوبے کی انتظامیہ کو کم از کم 14,000 موزوں کتابوں کا انتظام کرنا ہوگا۔

موزوں کتابیں

- ایسی کتابیں، جو نرسری، پرائمری، مڈل، ہائی اسکول اور انٹر کالج کے طلبا کے کام آئیں۔
- اردو کتابوں کو ترجیح دی جائے گی، تاہم انگریزی کتابوں کا بھی نہائت خیر مقدم کیا جائے گا۔
- نئی یا پُرانی کتابیں (پُرانی کتابیں اچھی حالت میں ہونی چاہئیں)۔
- کتابوں میں زیادہ سے زیادہ تصاویر، نقشے اور خاکے ہونے چاہئیں۔
- معلومات عامہ کی کتابیں نہائت موزوں رہیں گی (موضوعات کی فہرست ملاحظہ کیجیئے)۔
- نوجوان قارئین کے لئے اردو افسانوں کی کتابوں کا خاص طور پر خیر مقدم کیا جائے گا۔

* University text books
* Political books
* Catalogues
* Damaged books
* Books with content that might be culturally inappropriate

How You Can Help

Volunteer:

- Host an event or location to get donations
- Ask family, friends to contribute

Donate:

- books
- cash to buy books

More Information? Contributions?

Contact: Library Challenge Committee

Community Liaison

CDM, Islamabad, Pakistan
Email Address
thomasjm@cdm.com

Ideas for General Knowledge Books (young reader level)

health, science, art, crafts, weather, dictionaries, geography, alphabet books, picture books, flowers, atlases, history, learning English, stories, water, encyclopedias, environment, nature, poems, fairy tales, reference books, sports, nursery rhymes, joke books, buildings, transport, Islamic studies, Kashmir, Pakistan, Urdu fiction, games, other countries, animals, National Geographicmagazines

Thank you from all the students!

ان کتابوں کے لئے معذرت

- انگریزی ناول
- کمپیوٹر کی کتابیں
- علمی یا نہایت خصوصی موضوعات کی کتابیں
- یونیورسٹی کی نصابی کتابیں
- سیاسی کتابیں
- کیٹلاگ
- خستہ حال کتابیں
- ایسی کتابیں، جو ثقافتی معیار پر پوری نہ اترتی ہوں

آپ کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

رضا کار:

- عطیات وصول کرنے کے لئے کسی تقریب یا جگہ کا انتظام کرنا
- عزیز و اقارب کو عطیات کے لئے کہنا

عطیات دینا

- کتابیں
- کتابوں کی خریداری کے لئے نقد رقم

مزید معلومات؟ عطیات؟

رابطہ: لائبریری چیلنج کمیٹی

کمیونٹی لائزن

سی ڈی ایم، اسلام آباد، پاکستان

ای میل ایڈریس:

thomasjm@cdm.com

کتابوں کے موضوعات کی فہرست (نوجوان قارئین کے لئے)

صحت۔ سائنس۔ آرٹ، دستکاری۔ موسم۔ ڈکشنریاں۔ جغرافیہ۔ حروف تہجی کی کتابیں۔ تصویری کتابیں۔ پھول۔ نقشے۔ تاریخ۔ انگریزی کی تربیتی کتابیں۔ کہانیاں۔ پانی۔ انسائیکلوپیڈیا۔ ماحولیات۔ فطرت۔ نظمیں۔ پریوں کی کہانیاں۔ حوالہ جات کی کتابیں۔ کھیل۔ بچوں کی نظمیں۔ لطیفے۔ عمارات۔ ٹرانسپورٹ۔ دینیات۔ کشمیر، پاکستان۔ اردو افسانہ۔ گیمز۔ دیگر ممالک۔ حیوانات۔ نیشنل جیوگرافک میگزین

تمام طلبا کی طرف سے آپ کا شکریہ!

Ask the Consul

قونصل سے پوچھئے

"Your chance to ask the Consul General at the US Embassy, Islamabad your visa related questions"

آپ امریکی سفارتخانہ اسلام آباد کے قونصل جنرل سے ویزا سے متعلق سوالات پوچھ سکتے ہیں

Exactly what is a nonimmigrant visa?

If you're a citizen of a foreign country, in most cases you'll need a visa to visit the United States. Nonimmigrant visas are for people with permanent residence outside the U.S. who wish to go to the U.S. on a temporary basis for tourism, medical treatment, business, temporary work or study.

A visa doesn't guarantee entry to the U.S. A visa allows you to travel to the United States as far as the port of entry. Only the immigration officer at the port of entry has the authority to permit you to enter the United States. He or she decides how long you can stay for any particular visit. Immigration matters are the responsibility of the U.S. Department of Homeland Security.

I want to study in the US – can I use my visit visa?

No. There are more than 20 types of visas for people visiting the United States temporarily. The type of visa you need is determined by the purpose of your intended travel. Tourists or businessmen making temporary trips to the U.S. usually need a B1/B2 visa. Students taking academic courses at most universities usually need an F1 visa. Full details can be found on the Embassy website www.islamabad.usembassy.gov

How soon should I apply for my visa?

You should apply for your visa as soon as possible. We recommend that you apply at least three months in advance of your intended travel date. Full instructions on how to apply for a nonimmigrant visa can be found at www.islamabad.usembassy.gov

How many visas to the US are issued each year to citizens of Pakistan?

32,666 nonimmigrant visas were issued to citizens of Pakistan in 2008.

To see your questions featured in this monthly column please write to paknivinfo@state.gov with the subject line "Ask the Consul".

نان امیگرنٹ ویزا کا اصل مطلب کیا ہے؟

اگر آپ کسی دوسرے ملک کے باشندے ہیں، تو بیشتر معاملات میں آپ کو امریکہ جانے کیلئے ویزا کی ضرورت ہوگی۔ نان امیگرنٹ ویزا ان لوگوں کیلئے ہوتا ہے جو امریکہ کے سوا کسی اور ملک کے مستقل باشندے ہوں اور سیاحت، علاج معالجے، کاروبار، عارضی کام یا تعلیم کی غرض سے عارضی بنیاد پر امریکہ جانا چاہتے ہوں۔

ویزا اس بات کی ضمانت نہیں ہوتی کہ آپ امریکہ میں داخل ہو سکتے ہیں۔ ویزا سے آپ کو امریکہ میں داخلے کے مقام تک سفر کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ اس مقام پر صرف امیگریشن آفیسر کو یہ اختیار حاصل ہوتا ہے کہ آپ کو امریکہ داخل ہونے کی اجازت دے۔ وہ فیصلہ کرتا ہے کہ آپ اپنے مقصد کیلئے کتنے عرصے تک قیام کر سکتے ہیں۔ امیگریشن کے امور انجام دینا، داخلی سلامتی کے امریکی محکمے کی ذمہ داری ہوتی ہے۔

میں امریکہ میں تعلیم حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ کیا اس مقصد کیلئے وزٹ ویزا استعمال کر سکتا ہوں؟

نہیں، عارضی طور پر امریکہ جانے کے خواہشمند افراد کیلئے 20 سے زائد اقسام کے ویزے ہیں۔ آپ کے امریکہ جانے کے مقصد سے اس بات کا تعین کیا جاتا ہے کہ آپ کو کس طرح کا ویزا چاہیئے۔ سیاحوں اور کاروباری افراد کو، جو عارضی طور پر جانا چاہتے ہیں، عموماً B1/B2 ویزا کی ضرورت ہوتی ہے۔ امریکہ کی بیشتر یونیورسٹیوں میں تعلیمی کورسز کیلئے جانے کے خواہاں طالب علموں کو عام طور پر F 1 ویزا درکار ہوتا ہے۔ مکمل تفصیلات سفارتخانے کی ویب سائٹ : www.islamabad.usembassy.gov سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

میں کس قدر جلد اپنے ویزے کیلئے درخواست دے سکتا ہوں؟

آپ کو اپنے ویزے کیلئے درخواست جلد از جلد دے دینی چاہیئے۔ ہمارا مشورہ ہے کہ آپ اس تاریخ سے تین ماہ قبل درخواست جمع کرا دیں جب آپ جانا چاہتے ہوں۔ نان امیگرنٹ ویزا کیلئے درخواست دینے کے طریقہ کار کے بارے میں ہدایات ویب سائٹ : www.islamabad.usembassy.gov سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

پاکستانی عوام کو امریکہ جانے کیلئے سال میں کتنے ویزے جاری کئے جاتے ہیں؟

2008 کے دوران پاکستانی باشندوں کو 32,666 ویزے جاری کئے گئے۔

اس ماہانہ کالم کیلئے اپنے سوال "قونصل سے پوچھئے" کے عنوان کے ساتھ ای۔ میل: paknivinfo@state.gov پر بھیجیں۔

Videography

ویڈیوگرافی

افتتاح 2009 - تاریخ کا مشاہدہ

امریکہ میں ہر چار سال بعد نئے صدر کے افتتاح سے نظامِ حکومت کی تجدید ہوتی ہے۔ اس سال ریکارڈ تعداد میں امریکیوں نے نیشنل مال پر اور پورے امریکہ میں نقطۂ انجماد سے نیچے کے درجہ حرارت میں ملک کے 44 ویں صدر، براک اوباما کے افتتاح کا جشن منایا۔

(وسیلہ: http://www.america.gov/multimedia/video.html?videoId=8789243001)

Witnessing History -- Inauguration 2009

Every four years America renews its system of government with the inauguration of a new president. This year, a record number of Americans braved freezing temperatures to celebrate the inauguration of the 44th president of the United States, Barack Obama, on the National Mall and across America.

(Source:http://www.america.gov/multimedia/video.html?videoId=8789243001)

The History of Presidential Campaigns

A professor from George Washington University traces the U.S. presidential nominating process and the impact of new modes of transportation as well as radio, television, Internet and video.

(Source:http://www.america.gov/multimedia/video.html?videoId=1352464841)

صدارتی انتخابی مہمات کی تاریخ

جارج واشنگٹن یونیورسٹی کے ایک استاد امریکی صدر کی نامزدگی کے عمل اور نئے ذرائع نقل و حمل اور ریڈیو، ٹیلی ویژن، انٹرنیٹ اور ویڈیو کے اثرات کی تاریخ کا جائزہ لیتے ہیں۔

(وسیلہ: http://www.america.gov/multimedia/video.html?videoId=1352464841)

Published by the U.S. Embassy, Islamabad شائع کردہ سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ